| تیسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 1 |
| --- | --- | --- | --- |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 2 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| باب پنجم: جغرافیہ | سبق کا نام: پاکستان کے اہم طبعی خدوخال |
| --- | --- |

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- طبعی ماحول کے پاکستانی لوگوں کی طرزِ زندگی پر اثرات بیان کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے سوال کریں:

- ساحلی علاقے سے کیا مراد ہے؟
- پاکستان میں کتنے صحرا ہیں؟

طلبہ سے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ سے صفحہ نمبر 68 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں پاکستان کے شمالی علاقوں میں پائے جانے والے پہاڑی سلسلے سارا سال برف سے ڈھکے رہتے ہیں۔ خوراک میں یہ لوگ خشک میوہ جات، گوشت اور قہوہ استعمال کرتے ہیں۔ لباس میں موٹے کپڑے اور ٹوپیوں کا استعمال کرتے ہیں۔
- طلبہ میدانی علاقوں میں رہنے والے لوگوں کا پیشہ بتائیں کہ ان کا پیشہ زراعت ہے۔ صنعت کاری اور تجارت یہاں کے اہم پیشے ہیں۔ لوگ سوتی کپڑے پہنتے ہیں اور خوراک میں سبزیاں، دالیں، مشروبات اور دودھ کا استعمال کرتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں پاکستان کی سطح مرتفع کی زمین خشک اور بنجر ہونے کی وجہ سے کاشت کاری کے لیے موزوں نہیں، اور جن علاقوں میں کاشت کاری کی جاتی ہے وہاں زیرِ زمین نہری نظام 'کاریز' موجود ہے۔ یہاں کے لوگوں کا اہم پیشہ کان کنی اور گلہ بانی ہے۔
- انھیں بتائیں ساحلی علاقوں میں لوگوں کا پیشہ ماہی گیری ہے۔ اس کے علاوہ بندرگاہوں کی وجہ سے کچھ لوگ تجارتی سرگرمیوں سے وابستہ ہیں۔ یہاں کے لوگوں کی غذا مچھلی اور لباس سوتی کپڑے ہیں۔

| | |
|---|---|
| **اعادہ** | **3منٹ** |

پڑھائے گئے سبق کا تصور مختصراً دہرائیں۔

| | |
|---|---|
| **جائزہ:** | **5منٹ** |

مشق میں متن کے حوالے سے دیے گئے سوالات کے جوابات طلبہ سے زبانی سنیں۔

| | |
|---|---|
| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 2 |
| اُستاد کا نام:_______ | ہفتہ: 2 | تاریخ:_______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب پنجم: جغرافیہ | سبق کا نام: پاکستان کے اہم طبعی خدوخال |

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- بیان کر سکیں کہ کس طرح مختلف انسانی سرگرمیاں (جنگلات کا کٹاؤ، ڈیموں کی تعمیر اور صنعت وغیرہ) قدرتی ماحول کو تبدیل کرتی ہیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- جنگلات کیا ہوتے ہیں؟ جنگلات کے کیا فائدے ہیں؟

انھیں جواب دینے کا موقع دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ سے کہیں کہ کتاب کے صفحہ نمبر 69 سے متن (جنگلات کا کٹاؤ) پڑھیں۔
- انھیں جنگلات کے کٹاؤ کا مطلب بتائیں۔ انھیں بتائیں کہ انسان اپنے گھروں، عمارتوں وغیرہ کو تعمیر کرنے اور لکڑی کو ایندھن کے طور پر استعمال کرنے کے لیے درختوں کو کاٹتے ہیں۔ انھیں متن کی مدد سے جنگلات کے کٹاؤ سے ہونے والے نقصانات کے بارے میں بتائیں۔
- انھیں بتائیں کہ ہمارے قدرتی ماحول کا بہت بڑا انحصار جنگلات پر ہے۔ جب جنگلات کا کٹاؤ بڑھتا ہے تو قدرتی ماحول میں بہت سی تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ درخت اور پودے ہمارے ماحول کو نہ صرف تازگی بخشتے ہیں۔ بلکہ اس کو صاف رکھنے میں مدد کرتے ہیں۔ انھیں بتائیں کہ درخت ہمیں آکسیجن مہیا کرتے ہیں جو کہ ہمارے لیے بے حد ضروری ہے اور درختوں سے ہمیں لکڑی حاصل ہوتی ہے جس سے مختلف چیزیں بنتی ہیں۔ انھیں بتائیں جنگلات پرندوں اور جنگلی جانوروں کی پناہ گاہ بھی ہے۔ انھیں بتائیں کہ درخت کی لکڑی کو کس طرح استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ جنگلات کا کٹاؤ کیوں بڑھ رہا ہے اور اس کے کیا نقصانات ہیں۔
- انھیں متن کی مدد سے بتائیں کہ کیسے درختوں کی کٹائی زمین کے درجہ حرارت میں اضافے کا باعث بنتی ہے۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

طلبہ سے متن کے حوالے سے سوالات کریں اور ان سے جوابات لیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

| سبقی منصوبہ بندی 3 | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: چہارم | تیسری سہ ماہی |
| --- | --- | --- | --- |
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ________ | ہفتہ: 2 | اُستاد کا نام: ________ |

| سبق کا نام: پاکستان کے اہم طبعی خدوخال | باب پنجم: جغرافیہ |
| --- | --- |

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- بیان کر سکیں کہ کس طرح مختلف انسانی سر گرمیاں (جنگلات کا کٹاؤ، ڈیموں کی تعمیر اور صنعت وغیرہ) قدرتی ماحول کو تبدیل کرتی ہیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

**تحریکی سر گرمی:** 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- قدرتی ماحول سے کیا مراد ہے؟
- جنگلات کا کٹاؤ کس طرح قدرتی ماحول میں تبدیلی کا باعث بنتا ہے؟

طلبہ کو جواب دینے کا موقع دیں اور ان کی رہنمائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25 منٹ

- طلبہ سے کہیں کہ کتاب کے صفحہ نمبر 69 تا 70 سے متن پڑھیں۔
- طلبہ کو بتائیں پانی قدرت کا انمول تحفہ ہے۔ اس کے بغیر زندگی کا وجود ممکن نہیں۔ پانی کی قلت سے بچنے کے لیے ہی ڈیموں کی تعمیر کی جاتی ہے۔
- طلبہ کو بتائیں ڈیموں کے بے شمار فوائد ہیں۔ آب پاشی اور بجلی پیدا کرنے کے لیے بڑے بڑے ڈیم بنائے جاتے ہیں۔
- انھیں بتائیں ڈیموں کی تعمیر سے دریاؤں کی زرخیز مٹی ایک جگہ محدود ہو جاتی ہے۔
- طلبہ کو مزید بتائیں ایسے کون سے اقدامات ہیں جن پر عمل کرنے سے ہم انسانی سر گرمیوں کے ماحول پر منفی اثرات کی روک تھام کر سکتے ہیں۔
- تختہ تحریر پر ان طریقوں کی فہرست بنا کر طلبہ سے بلند خوانی کرائیں۔
  - جنگلات کے کٹاؤ کی روک تھام
  - کارخانے اور صنعتیں انسانی آبادی سے دور لگانا۔
  - پانی کے ضیاع کی روک تھام

- ماحول دوست سواریوں کا استعمال

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصور مختصراً پیش کریں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

مشق سوال نمبر 2 کا (ii) سوال کا جواب طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔